## کورنگی اورلیاری کے علاقے میں آتشبازی کے سامان میں آگ لگنے کے دومختلف واقعات کے نتیجے میں ایم کیوایم کے 19 کارکنان جھلس کرزخمی ہوگئے۔چار کی حالت نازک بتائی جاتی ہے

کراچی۔۔۔ 6 اکتوبر2007ء

کورنگی اورلیاری کے علاقے میں آتشبازی کے سامان میں آگ لگنے کے دومختلف واقعات کے نتیجے میں ایم کیوایم کے 19 کارکنان جھلس کرزخمی ہوگئے جن میں سے چار کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔تفصیلات کے مطابق صدارتی انتخابات میں صدر جنرل پرویزمشرف کی شاندار کامیابی کی خوشی میں ایم کیوایم کی جانب سے کورنگی سے نکالی جانے والی ریلی میں شریک کارکنان مختلف گاڑیوں میں سوار ہوکر جارہے تھے کہ ایک بس میں رکھے ہوئے آتشبازی کے سامان میں اچانک آگ لگ گئی جس کے نتیجے میں ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے 15 کارکنان بری طرح جھلس کرزخمی ہوگئے ۔انہیں فوری طور پر سول اسپتال لے جایا گیا۔زخمی کارکنوں میں سے تین کارکنوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔اسی طرح کا دوسرا واقعہ لیاری سے نائن زیرو آنے والے کارکنوں کے ساتھ پیش آیا جس میں لیاری سیکٹر یونٹ 33 کے چار کارکنان جھلس کرزخمی ہوگئے۔ان میں سے ایک کارکن کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ،ایم کیوایم کے ارکان سندھ اسمبلی اختر بلگرامی،عامر معین،کراچی تنظیمی کمیٹی اورمیڈیکل ایڈ کمیٹی کے ارکان فوری طور پر سول اسپتال پہنچ گئے اورکارکنوں کی عیادت کی اورواقعہ کی تفصیلات معلوم کیں۔رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے رابطہ کمیٹی سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں اوراس واقعہ پر شدید افسوس کا اظہار کیا۔

## کورنگی اورلیاری میں آتشبازی کے سامان سے کارکنان کے زخمی ہونے کے واقعہ پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔ 6 اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کورنگی اورلیاری میں آتشبازی کے سامان میں آگ لگنے سے ایم کیوایم کے 19 کارکنان کے زخمی ہونے کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے اس واقعہ پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ زخمی کارکنوں کے علاج معالجہ میں کسی قسم کی کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے اوراُنکے علاج پر بھرپور توجہ دی جائے۔انہوں نے زخمی کارکنوں کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## مذہبی انتہاء پسندی اوردہشت گردی کے خلاف صدر جنرل پرویزمشرف کے ساتھ ہیں،الطاف حسین صدارتی انتخاب میں بھاری اکثریت سے کامیابی پر دلی مبارکباد

لندن۔۔۔6،اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر جنرل پرویزمشرف کوصدارتی انتخاب میں بھاری اکثریت سے کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ،ملک کی ترقی وخوشحالی،جمہوریت کے استحکام،مذہبی انتہاء پسندی ودہشت گردی کے خاتمے اورملک بھر کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے صدر جنرل پرویزمشرف کے ساتھ ہیں۔ایک تہنیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ صدر جنرل پرویزمشرف کے دور میں پہلی مرتبہ منتخب اسمبلیاں اپنی مدت پوری کررہی ہیں اورملک میں جمہوری ادارے مستحکم ہورہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک بھر کے ارکان سینیٹ،قومی وصوبائی اسمبلی نے صدارتی انتخاب میں صدر جنرل پرویزمشرف کے حق میں اپنا ووٹ استعمال کرکے انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب بنایا ہے جس پر میں اپنی اورایم کیوایم کی جانب سے صدر جنرل پرویزمشرف کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

## مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین اور مسلم لیگ کے سیکریٹری جنرل مشاہد حسین نے
## الطاف حسین کو فون کر کے صدارتی انتخاب میں صدر پرویز مشرف کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر مبارکباد پیش کی

لندن۔۔۔6،اکتوبر2007ء

ہفتہ کی شب مسلم لیگ کے صدراور سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین، مسلم لیگ کے سیکریٹری جنرل سید مشاہد حسین اور دیگر مسلم لیگی رہنماؤں نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو فون کر کے صدارتی انتخاب میں صدر پرویز مشرف کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر مبارکباد پیش کی ۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے بھی مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین اور دیگر مسلم لیگی رہنماؤں کو مبارکباد پیش کی اور ان سے کہا کہ وہ ان کی جانب سے مسلم لیگ کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں تک مبارکباد کا پیغام پہنچادیں ۔ جناب الطاف حسین نے مسلم لیگی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صدر جنرل پرویز مشرف کی کامیابی پر پوری قوم مبارکباد کی مستحق ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ملک مکمل جمہوریت کی طرف گامزن ہے اور ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اسمبلیاں اپنی مدت پوری کر رہی ہیں جو کہ ایک مثبت امر ہے۔ انہوں نے مسلم لیگی رہنماؤں سے کہا کہ جس طرح گزشتہ پانچ سالوں سے ہم نے ہر کڑا اور مشکل وقت مل جل کر گزارا، ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ آئندہ بھی ہم ہر قسم کے حالات میں ایک دوسرے کے ساتھ ملکر کام کریں اور انڈر اسٹینڈنگ کے ساتھ ملکر ملک اور ملک کے عوام کی خدمت کریں ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہماری دعا اور کوشش یہی ہے کہ اس وقت پاکستان ملکی اور بین الاقوامی سطح پر جس نازک صورتحال سے دوچار ہے اس کا تقاضہ ہے کہ ہم اپنے اپنے مفادات کو بالائے طاق رکھ کر یہی کوشش کریں کہ اپنے اتحاد کے ذریعے ملک کو نازک صورتحال سے نکالیں ۔انہوں نے کہا کہ اس حکومت کے دوراقتدار میں جتنے مشکل ادوار آئے ،صدر پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز پر قاتلانہ حملے ہوئے اور طرح طرح کی سخت مشکلات آئیں لیکن حکومت اور عوام نے اپنے اتحاد سے ہر مشکل کا سامنا کیا۔انہوں نے کہا کہ ایسے ایسے کڑے بحران آئے اور 12 مئی سمیت ہر واقعہ کا الزام ایم کیوایم کے سر تھوپا گیا اور اس کو بدنام کرنے کی کوشش کی گئی لیکن چاہے لال مسجد کا معاملہ ہو، عدالتی بحران ہو یا اور کوئی بحران ہو، ایم کیوایم ثابت قدمی سے ڈٹی رہی اور حالات سے ڈر کر نہیں بھاگی ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں جمہوریت کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی ۔اس موقع پر مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین اور مشاہد حسین نے جناب الطاف حسین کو صدارتی انتخابات میں صدر پرویز مشرف کی شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان انتخابات میں کامیابی کے سلسلے میں ایم کیوایم کے تعاون پر خصوصی شکریہ ادا کیا اور ایم کیوایم کے تمام رہنماؤں اور اراکین اسمبلی کے کردار کو سراہا اور اس یقین کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ ق اور متحدہ قومی موومنٹ ملک کے استحکام اور جمہوریت کے فروغ کیلئے آئندہ بھی ملکر کام کریں گے ۔اس موقع پر مسلم لیگی رہنما سید دلاور عباس نے بھی جناب الطاف حسین سے گفتگو کی اور انہیں صدارتی انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد پیش کی ۔

## شٹر ڈاؤن ہڑتال کی اپیل مسترد کر کے عوام نے ثابت کر دیا کہ وہ نام نہاد سیاسی و مذہبی
## جماعتوں کی سیاسی بھٹی کا ایندھن بننے کیلئے ہرگز تیار نہیں ہیں، رابطہ کمیٹی
## ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاج کی اپیل مسترد کرنے پر کراچی اور سندھ سمیت پاکستان بھر کے عوام کو زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔6،اکتوبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کی جانب سے ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاج کی اپیل مسترد کرنے پر کراچی اور سندھ سمیت پاکستان بھر کے عوام کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ٹولے اے پی ڈی ایم اور بعض مفاد پرست وکلاء کی جانب سے ہفتہ کے روز صدارتی انتخابات کے موقع پر ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال دی گئی تھی جسے پورے ملک بالخصوص سندھ اور کراچی کے عوام نے یکسر مسترد کر کے ثابت کر دیا کہ وہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کی سیاسی بھٹی کا ایندھن اور اقتدار کی سیاست کیلئے قربانی کا بکرا بننے کیلئے ہرگز تیار نہیں ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اے پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کی جانب سے ملک گیر ہڑتال کی اپیل کے باوجود ہفتہ کے روز ملک بالخصوص سندھ اور کراچی میں کاروبار زندگی جاری رہا اور عوام نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کا کوئی نوٹس نہ لیکر یہ بھی ثابت کر دیا کہ اے پی ڈی ایم سیاسی تیمیوں کا ٹولہ ہے اور اس اتحاد میں شامل سیاسی و مذہبی جماعتیں عوامی حمایت سے محروم ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک بھر کے عوام میں شعوری بیداری کا آغاز ہو رہا ہے ،عوام نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کی سیاسی بازیگری کو اچھی طرح سمجھ رہے ہیں اور انشاء اللہ آئندہ عام

انتخابات میں ملک بھر کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظوں کو مسترد کردیں گے۔ رابطہ کمیٹی نے نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کی اپیل پر شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاج کی اپیل کو یکسر مسترد کرنے پر ملک بھر کے عوام کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## جو سیاسی و مذہبی جماعتیں اپنے ارکان اسمبلی کو سنبھالنے میں کامیاب نہ ہوسکیں ان سے ملک کا انتظام سنبھالنے کی امید کس طرح کی جاسکتی ہے، طارق جاوید

لندن۔۔۔6، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے صدارتی انتخاب کے دوران بعض سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ارکان کی جانب سے پارٹی پالیسی کے برخلاف صدارتی انتخاب میں حصہ لینے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم، پاکستان کی واحد جماعت ہے جو اصولوں کی سیاست کرتی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صدارتی انتخاب کے دوران مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ارکان نے اپنی پارٹی پالیسی سے انحراف کیا اور پارٹی پالیسی کے برخلاف صدارتی انتخاب میں حصہ لیکر اپنے ووٹ کا حق استعمال کیا جبکہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت تھی جس کے ارکان سینٹ، قومی اور صوبائی اسمبلی، ماضی کی طرح اپنی پارٹی پالیسی پر قائم رہے، ڈٹے رہے اور انہوں نے مفاد پرستی، لالچ یا خوف کا شکار ہوئے بغیر صدارتی انتخاب میں اپنے ووٹ کاسٹ کیے۔ طارق جاوید نے کہا کہ جو سیاسی و مذہبی جماعتیں اپنے ارکان اسمبلی کو سنبھالنے اور انہیں پارٹی پالیسی پر قائم رکھنے میں کامیاب نہ ہوسکیں ان جماعتوں سے ملک کا انتظام سنبھالنے اور کروڑوں عوام کو متحد کرنے کی امید کس طرح کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دراصل نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں کسی نظریئے اور عوام کی خدمت کے جذبے کے تحت نہیں بلکہ اقتدار کے حصول کیلئے سیاست کررہی ہیں اور مفاد پرستی کی سیاست کے باعث ان جماعتوں میں اصول پسندی کا فقدان ہے۔ طارق جاوید نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جو اصول پسند ہے اور اصولوں پر سودے بازی نہیں کرتی اور اس کے منتخب نمائندے اسمبلیوں اور ایوانوں کی رکنیت کو عوام کی امانت سمجھتے ہیں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ کی فاتحہ چہلم بروز اتوار کو مرحومہ کی رہائشگاہ منعقد ہوگی

کراچی۔۔۔6، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد کی والدہ محترمہ مافیہ خاتون مرحومہ کا چہلم کل بروز اتوار ان کی رہائشگاہ واقع روفی گرین سٹی، گلستان جوہر بلاک 18 میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی۔ قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا سلسلہ بعد نماز ظہر تا مغرب جاری رہے گا۔ خواتین کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا علیحدہ انتظام کیا جائے گا۔

## ڈاکٹر فاروق ستار پر شرپسند وکلاء کے قاتلانہ حملہ کا نوٹس لیا جائے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔6، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی اراکین نے شرپسند وکلاء کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے اور انہیں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شرپسند وکلاء کی جانب سے لاکھوں عوام کے منتخب نمائندے کو کھلے عام تشدد کا نشانہ بنانا لاکھوں عوام کے جذبات مشتعل کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن شرپسند وکلاء نے ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملہ کیا اور انہیں بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا وہ خود سب سے بڑے غنڈے دہشت گرد ہیں۔ ایسے عناصر کو لچے لفنگے نہ کہا جائے تو پھر کیا کہا جائے؟ شعبہ خواتین کی اراکین نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر فاروق ستار کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے شرپسند وکلاء کو گرفتار کرکے آئین و قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سالانہ امدادی پروگرام کل بروز اتوار کو ہوگا

## امدادی پروگرام میں غرباء، مساکین، نادار، معذور اور مستحق افراد میں امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کی جائیں گی

## امدادی تقریب سے الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔6، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام غریب و مستحق افراد کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے کراچی میں سالانہ امدادی پروگرام کل بروز اتوار کو سہ پہر تین بجے منعقد ہوگا۔امدادی پروگرام کی تقریب سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ہر سال رمضان المبارک کے آخری عشرے امدادی پروگرام منعقد کیا جاتا ہے اور ہزاروں غرباء، مساکین، نادار، معذور اور مستحق افراد میں امدادی اشیاء اور نقد رقوم تقسیم کی جاتی ہیں۔امدادی پروگرام خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع ایس ٹی 7 بلاک 14 فیڈرل بی ایریا میں ہوگا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندگان، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹیز، رضاکار اور معززین شہر شرکت کریں گے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت زیراہتمام امدادی پروگرام کے سلسلے میں مستحقین سے درخواستیں وصول کرنے کے بعد انہیں ٹوکن جاری کیے جاچکے ہیں اور اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے تمام انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے۔

## ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے کارکن بابر عالم کی اہلیہ محترمہ نزہت بابر کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## صدارتی انتخاب میں صدر جنرل پرویز مشرف کی کامیابی کی خوشی میں کراچی کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کی ریلیاں

## سینکڑوں کارکنان اور ہمدردوں کا موٹر سائیکلوں، کاروں اور دیگر گاڑیوں میں شہر کے مختلف علاقوں کا گشت

## نائن زیرو پر ایم کیوایم کے تنظیمی ترانے، پرجوش کارکنان والہانہ رقص

## ایم کیوایم اور الطاف حسین اور صدر مملکت کے حق میں فلک شگاف نعرے

کراچی۔۔۔6، اکتوبر 2007ء

صدارتی انتخابات میں صدر جنرل پرویز مشرف کی بھاری اکثریت سے شاندار کامیابی کی خوشی میں کراچی کے مختلف علاقوں میں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ریلیاں نکالی گئیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنان اور ہمدرد موٹر سائیکلوں، کاروں اور دیگر گاڑیوں میں شہر کے مختلف علاقوں کا گشت کرتے رہے اور فلک شگاف نعرے لگاتے رہے جس کے باعث کراچی کی فضائیں ایم کیوایم کے پرجوش کارکنان کے فلک شگاف نعروں سے گونجتی رہیں۔ریلیوں میں بزرگوں، نوجوانوں، خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد بھی شریک تھی۔ریلی کے بیشتر شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔اس موقع پر ایم کیوایم کارکنان بالخصوص خواتین کا جوش وخروش قابل دید تھا۔ریلیوں کے شرکاء جہاں جہاں بھی گئے وہاں شہریوں کی بڑی تعداد نے اپنی انگلیوں کی مدد سے وکٹری کا نشان بنا کر ان کا خیر مقدم کیا، ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین اور صدر مملکت کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔کراچی کے مختلف علاقوں سے نکلنے والی ریلیاں تھوڑی تھوڑی دیر کے وقفے سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پہنچیں جہاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ریلیوں کے شرکاء کا خیر مقدم کیا۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر بھی صدارتی انتخاب میں صدر جنرل پرویز مشرف کی کامیابی کی خوشی میں گہما گہمی دکھائی دے رہی ہے، نائن زیرو پر ایم کیوایم کے تنظیمی ترانے بجائے جارہے ہیں جن کی دھنوں

پر ایم کیوایم کے پرجوش کارکنان والہانہ رقص کر کے اپنے جوش وخروش کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

## صدارتی انتخاب میں صدر جنرل پرویز مشرف کی کامیابی پر سندھ بھر میں ایم کیوایم کی ریلیاں

## زونل دفاتر سے ایم کیوایم کی ریلیوں کا آغاز، سندھ بھر میں زبردست جوش وخروش

حیدرآباد۔۔۔6، اکتوبر 2007ء

حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نواب شاہ، سانگھڑ، بدین، لاڑکانہ، دادو اور سندھ کے دیگر شہروں میں بھی صدارتی انتخاب میں صدر جنرل پرویز مشرف کی بھاری اکثریت سے کامیابی کی خوشی میں ایم کیوایم کے زیراہتمام ریلیاں نکالی گئیں۔ ایم کیوایم کی یہ ریلیاں مختلف زونل دفاتر سے شروع ہوئیں اور اپنے اپنے شہر کے مختلف علاقوں میں گشت کرتی رہیں۔ سندھ کے مختلف شہروں سے نکلنے والی ریلیوں کے شرکاء نے کافی دیر تک معروف شاہراہوں کا گشت کیا اور فلک شگاف نعرے لگائے اور اپنے والہانہ جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ ریلیوں میں ایم کیوایم کی زونل کمیٹیوں کے ارکان، مقامی ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور سندھ بھر میں اپنے والہانہ جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔ بعدازاں تمام ریلیاں ایم کیوایم کے زونل دفاتر پر پہنچ کر پرامن طریقے سے منتشر ہوگئیں۔

## صدارتی انتخابات میں صدر پرویز مشرف کی شاندار کامیابی کی خوشی میں ایم کیوایم کی جانب سے اسلام آباد میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی

## ریلی میں ایم کیوایم کے وفاقی وزراء، ارکان قومی اسمبلی اور سینکڑوں کارکنوں کی شرکت

## ریلی پارلیمنٹ لاجز سے شروع ہوئی اور اسلام آباد کی مختلف شاہراہوں پر گشت کیا

## ثابت ہوگیا کہ عوام کے منتخب نمائندوں اور عوام کی اکثریت صدر پرویز مشرف کے ساتھ ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار

اسلام آباد۔۔۔ 6 اکتوبر 2007ء

صدارتی انتخابات میں صدر جنرل پرویز مشرف کی شاندار کامیابی کی خوشی میں ایم کیوایم کی جانب سے اسلام آباد میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں ایم کیوایم سے تعلق رکھنے والے وفاقی وزراء، ارکان قومی اسمبلی اور اسلام آباد اور راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں کارکنوں نے شرکت کی۔ ایم کیوایم کی یہ ریلی پارلیمنٹ لاجز سے شروع ہوئی جہاں سے یہ ریلی پارلیمنٹ ہاؤس پہنچی۔ ریلی کی قیادت ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کی جبکہ اس میں ایم کیوایم سے تعلق رکھنے والے وفاقی وزراء بابر غوری، اقبال محمد علی، شمیم صدیقی اور ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، تمام ارکان قومی اسمبلی اور کارکنان بڑی تعداد میں شریک تھے جو مختلف کاروں، موٹر سائیکلوں اور دیگر گاڑیوں میں سوار تھے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے کچھ دیر قیام کے بعد ایم کیوایم کی اس ریلی نے پارلیمنٹ ہاؤس سے نکل کر اسلام آباد کی مختلف شاہراہوں پر گشت کیا۔ ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے ریلی میں شریک کارکنوں سے خطاب کیا اور انہیں صدارتی انتخابات میں صدر جنرل پرویز مشرف کی شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ صدارتی انتخابات میں صدر پرویز مشرف کی شاندار کامیابی اس حقیقت کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ عوام کے منتخب نمائندوں اور ملک کے عوام کی اکثریت صدر پرویز مشرف کے ساتھ ہے اور ان کی پالیسیوں کی حمایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆